# اسرائیل کے وزیر خارجہ کا دورہ ہندوستان (09 مئی 2023)

مئی 10، 2023

اسرائیل کے وزیر خارجہ عزت مآب جناب الیاہو کوہن نے 09 مئی 2023 کو ہندوستان کا سرکاری دورہ کیا۔ اسرائیلی حکومت کے اعلیٰ حکام کے علاوہ 37 رکنی تجارتی وفد بھی ان کے ہمراہ تھا۔ بطور وزیر خارجہ یہ ان کا ہندوستان کا پہلا دورہ تھا۔

2. عزت مآب محترم کوہن نے وزیر اعظم جناب نریندر مودی سے ملاقات کی اور وزیر اعظم بنجامن نیتن یاہو کی طرف سے والہانہ مبارکباد پیش کی۔ وزیر اعظم مودی نے ہندوستان اور اسرائیل کے درمیان اختراعات اور علم پر عمیق تر شراکت داری پر زور دیا اور دونوں معیشتوں کے وسیع پیمانے پر تکمیل کو حاصل کرنے پر زور دیا۔

3. وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور وزیر خارجہ کوہن نے دو طرفہ بات چیت کی جس میں انہوں نے دو طرفہ تعاون کے مختلف پہلوؤں بشمول کنیکٹیویٹی (ارتباط)، حرکت پذیری، علمی اور سائنسی تحقیق، فِنٹک، زراعت، پانی، تجارت وغیرہ پر تبادلہ خیال اور اشتراک کی ٹوکری کو مزید متنوع بنانے پر اتفاق کیا۔ انہوں نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا جن میں I2U2 کے فریم ورک کے تحت تعاون، سوڈان میں جاری تنازع، مغربی ایشیا میں رونما ہونے والے واقعات، روس یوکرین تنازعہ وغیرہ شامل ہیں۔ دونوں وزراء نے نئی دہلی میں واقع تین مورتی حیفہ چوک میں ہندوستانی فوجیوں کو خراج عقیدت پیش کیا، جو دونوں ملکوں کے درمیان مشترکہ تاریخ کی علامت ہے اور ہندوستان اسرائیل دوستی کی پائیدار عکاسی کرتا ہے۔

5. دونوں وزراء نے ہندوستان سے تعمیراتی کارکنوں اور نگہداشت کرنے والوں کی بھرتی کے لیے 'اسرائیل میں مخصوص لیبر مارکیٹ سیکٹرز میں مزدوروں کے عارضی روزگار کی سہولت پر فریم ورک معاہدے' کی شروعات کی۔ دونوں اطراف نے آئی آئی ٹی، روڑکی اور آئی آئی ٹی، مدراس میں واٹر ٹیکنالوجی کے مراکز کے قیام کے لیے دو مقصدی خطوط کا تبادلہ بھی کیا اور آئی سی اے آر ((ICAR، پوسا، نئی دہلی میں زراعت میں اختراع کے جدید مرکز کے قیام کے لیے ایک اور مقصدی خط کا تبادلہ کیا۔

6. عزت مآب محترم کوہن نے دونوں ممالک کے درمیان مزید دفاعی اور سلامتی تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے وزیر دفاع جناب راج ناتھ سنگھ اور قومی سلامتی مشیر جناب اجیت ڈوول سے بھی ملاقات کی۔

7. یہ دورہ دونوں ممالک کے درمیان جاری زراعت اور آبی تعاون کو مزید وسیع تر کا موقع ہے۔ اس ضمن میں محترم کوہن نے جل شکتی کے وزیر جناب گجیندر سنگھ شیخاوت سے ملاقات کی۔ دونوں وزراء نے کنفیڈریشن آف انڈین انڈسٹری (CII) کے زیر اہتمام انڈیا-اسرائیل بزنس فورم کی مشترکہ صدارت بھی کی۔ فورم میں CII اور اسرائیلی کاروباری اداروں کے درمیان تین B2B قرارداد مفاہمت پر دستخط کیے گئے۔

8. ہندوستان اور اسرائیل کے درمیان جامع اسٹریٹجک تعلقات ہیں جو متواتر اعلیٰ سطحی بات چیت سے مضبوط ہوئے ہیں۔ محترم کوہن کا دورہ امسال اسرائیل سے ہندوستان کا تیسرا اعلیٰ سطحی دورہ ہے۔ اس سے قبل اسرائیلی پارلیمنٹ کے اسپیکر عزت مآب محترم عامر اوہانہ نے مارچ میں اور اسرائیل کے وزیر اقتصادیات اور صنعت، عزت مآب نیر برکت نے اپریل میں ہندوستان کا دورہ کیا۔ مالی سال 2021-2022 میں ہندوستان کی تجارتی مال کی باہمی تجارت US$7.86 بلین تھی جو مالی سال 2022-23(اپریل - فروری) میں ریکارڈ US$10.12 بلین تک پہنچ گئی ہے۔

9. وزیر خارجہ ایلیاہو کوہن کے دورہ نے ہندوستان اور اسرائیل کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید تقویت فراہم کی ہے، جو جولائی 2017 میں وزیر اعظم مودی کے اسرائیل کے تاریخی دورے کے بعد سے معیار کے لحاظ سے بلند رفتار پر قائم ہیں۔

نئی دہلی

09 مئی 2023